ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (83)

مورخہ 14.02.24

**بہاول پور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ مسافر خانہ، تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان قاسم، آصف، خادم حسین، معظم مظہر اور عمر قریشی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 195 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ صدر حاصل پور نے منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان آصف اور غلام مرتضی عرف جاوید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1980 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ اوچشریف اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان عرفان، خالد بشیر، حفیظ اور غلام مرتضی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(84)

مورخہ 14.02.24

**بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی، 06 ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا، ملزمان پابند سلاسل۔ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے۔ ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی قمار بازوں کے خلاف کارروائی، تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے سپیشل ٹیم تشکیل دے کر بیوہ کالونی میں بذریعہ بلیئرڈ ٹوکن، جوا کھیلتے ہوئے 06 ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا۔ عوام الناس کا ایس ایچ او اور ٹیم کو خراج تحسین، معاشرتی جرائم کی وجہ سے نوجوان نسل کی تباہی کو روکنا مقصود ہے، ایس مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے۔ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی، متعدد جواری داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا